4310CH04

سبق – 4

میرا پیارا وطن

میری عزّت ہے یہ میری دولت ہے یہ
میری عظمت ہے یہ میری جنّت ہے یہ
میرا پیارا وطن

اِس کے دریا بڑے تازگی سے بھرے
باغ پھُولے، پھلے لہلہاتے ہوئے
میرا پیارا وطن

اِس کے چشمے جواں اِس میں نہریں رواں
جنگل اور وادیاں اِس سے اچھّی کہاں؟
میرا پیارا وطن

یہ وطن ہے مِرا میں ہوں اِس پر فدا
اِس پہ رکھّے خُدا اپنی رحمت سَدا
میرا پیارا وطن

(سیماب اکبرآبادی)

© NCERT not to be republished

1. لفظ اور معنی

عظمت	:	بڑائی
وطن	:	اپنا دیس
چشمے	:	چشمہ کی جمع، پانی کا سوتا
رواں	:	بہتا ہوا، چلتا ہوا، جاری
وادیاں	:	وادی کی جمع، پہاڑوں کے درمیان کی جگہ
فِدا	:	قربان
رَحمت	:	مہربانی
سَدا	:	ہمیشہ

© NCERT not to be republished

2. غور کیجیے

- یہ بڑی پیاری نظم ہے۔ بچّے اسے مل کر کورس یا ترانے کی شکل میں بھی گا سکتے ہیں۔
- نظم میں وطن سے محبت کا اظہار کیا گیا ہے۔
- دریا، باغ، پھل، پھول، چشمے، نہریں، جنگل وغیرہ ہمارے وطن کی خوب صورتی بڑھاتے ہیں۔ نظم میں ان سب کا ذکر کیا گیا ہے۔
- ہر شخص کو اپنے وطن سے محبّت ہونی چاہیے۔

3. سوچیے، بتائیے اور لکھیے

(الف) ہمارے وطن کا کیا نام ہے؟

(ب) نظم میں جنّت کسے کہا گیا ہے؟

(ج) شاعر نے اپنے وطن کے لیے کیا دعا مانگی ہے؟

(د) شاعر نے نظم میں کن خوب صورتی بڑھانے والی چیزوں کا ذکر کیا ہے؟

4. اِن مصرعوں کو پورا کیجیے

میری .... ہے یہ   اِس میں .... رواں

اِس کے .... جواں   اپنی .... سَدا

اس پہ .... خُدا

5. پڑھیے، سمجھیے اور لکھیے

لڑکا   اُستاد   لڑکی   ابّا   سُلطانہ

شیرنی   سلطان   امّاں   شیر   اُستانی

ان لفظوں کو 'الف' اور 'ب' خانوں میں دوبارہ ترتیب سے لکھا گیا ہے۔

(الف)	لڑکا	ابّا	سُلطان	اُستاد	شیر
(ب)	لڑکی	امّاں	سُلطانہ	اُستانی	شیرنی

- خانہ 'الف' کے تمام لفظ 'نر' اور 'ب' کے 'مادہ' ہیں 'نر' کو مذکّر اور 'مادہ' کو مؤنّث کہتے ہیں
- بے جان چیزیں بھی 'مذکّر' اور 'مؤنّث' بولی جاتی ہیں۔ جیسے وطن، دریا، باغ، پھول، جنگل مذکّر ہیں اور عزّت، دولت، جنّت، نہریں اور وادیاں مؤنّث ہیں۔

© NCERT not to be republished

- اس نظم سے خانوں کے مطابق پانچ پانچ الفاظ لکھیے

مذکّر					
مؤنث					

6. ان مصرعوں کو اشارے کے مطابق نیچے صحیح ترتیب سے لکھیے

(الف) میری عزّت ہے یہ	تازگی سے بھرے
(ب) میری عظمت ہے یہ	اس میں نہریں رواں
(ج) اس کے دریا بڑے	میری دولت ہے یہ
(د) اس کے چشمے جواں	میں ہوں اس پر فِدا
(ہ) یہ وطن ہے مرا	اپنی رحمت سَدا
(و) اس پہ رکھے خُدا	میری جنّت ہے یہ

- ....
- ....
- ....
- ....
- ....
- ....

7. واحد اور جمع الگ الگ لکھیے

دریا وادیاں جنگل چشمے نہریں باغ پھوُل رَحمت

واحد					
جمع					

© NCERT not to be republished

.8 ہندوستان کے اِس نقشے میں رنگ بھریے

© NCERT not to be republished

.9 خوش خط لکھیے

عزّت	....	....	....	....	....
وطن	....	....	....	....	....
عظمت	....	....	....	....	....
تازگی	....	....	....	....	....
لہلہاتے	....	....	....	....	....

جنگل ....

وادیاں ....

10. اس نظم کو پڑھیے اور یاد کیجیے

© NCERT not to be republished